www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com saharaexpress123@gmail.com saharaexpressnews@gmail.com

डा०एन.आबेदीन
फिजिशियन एवं शिशु रोग विशेषज्ञ
Mob:-9334261429
On Call रॉची

روزنامہ
رانچی
سہارا ایکسپریس
SAHARA EXPRESS,RANCHI

Urdu Daily Published From
Ranchi,Patna & Delhi

No-1 SE

RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:14 Issue:15 15.01.2025 WEDNESDAY Re.01 Page:08

جلد نمبر:14 شمارہ:۱۵/ بدھ/ ۱۵/جنوری/ ۲۰۲۵/مطابق/ ۱۴/رجب المرجب ۱۴۴۶ھ/ صفحات:08

# گھنی دھند اور سرد لہر جاری

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) قومی دارالحکومت میں منگل کی صبح اورنج الرٹ جاری کیا گیا دارالحکومت کے تمام مکین گھنی دھند، سرد لہر سے پریشان ہیں آج صبح حد نگاہ کم ہونے کی وجہ سے پروازیں اور ٹرینیں متاثر ہوئی ہیں محکمہ موسمیات (آئی ایم ڈی) نے کہا کہ ایک اور ویسٹرن ڈسٹربنس 15 یا 16 جنوری سے فعال ہوگا۔ جس کی اتراکھنڈ اور ہماچل پردیش میں بھی ٹھنڈ پڑ سکتی ہے۔ آج دارالحکومت میں زیادہ سے گھنی دھند اور ٹھنڈی ہواؤں کی وجہ سے ٹرین آپریشن بھی متاثر ہوا، کئی ٹرینیں تاخیر مرئیت کا فلائٹ آپریشن پر کوئی اثر نہیں پڑا ہے۔ مسافروں سے درخواست ہے کہ وہ وجہ سے شمالی ریلوے کے دہلی ڈویژن میں کئی ٹرینیں متاثر ہوئی ہیں۔ متاثرہ ٹرینوں گورکھ دھام ایکسپریس، 12553 ویشالی ایکسپریس اور 12915 آشرم ایکسپریس خراب زمرے میں رہا۔ مرکزی آلودگی کنٹرول بورڈ کے مطابق دہلی میں ہوا کے معیار



وجہ سے شمالی ہندوستان اور وسطی ہندوستان میں بارش ہوسکتی ہے۔ ساتھ ہی زیادہ درجہ حرارت 19 اور کم سے کم نو ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ دہلی میں سے چلیں۔ دہلی ہوائی اڈے نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں کہا کہ "کم اپنی متعلقہ ایئر لائنز سے پرواز کی تازہ ترین معلومات حاصل کریں۔" دھند کی میں 12565 بہار سمپرک کرانتی، 12451 شرم شکتی ایکسپریس، 12555 شامل ہیں۔ دریں اثنا، قومی دارالحکومت میں ہوا کے معیار کا انڈیکس آج کا انڈیکس صبح 9 بجے 256 پر ماپا گیا۔

## قبائلی امور کے مرکزی وزیر جوال اورم نے راج بھون میں گورنر سے ملاقات کی

رانچی، 14 جنوری (اسٹاف رپورٹر) قبائلی امور کے مرکزی وزیر جوال اورم نے آج راج بھون میں جھارکھنڈ کے گورنر سنتوش کمار گنگوار سے ملاقات کی۔ اس موقع پر وزیر نے مکر سنکرانتی پر گورنر کو مبارکباد دی۔ گورنر نے انہیں نئے سال اور مکر سنکرانتی کی مبارکباد بھی دی۔ بات چیت کے دوران مسٹر اورم نے قبائلی سماج کی ترقی کے لیے مرکزی حکومت کی طرف سے چلائی جانے والی مختلف اسکیموں اور ریاست میں ان کے موثر نفاذ پر تبادلہ خیال کیا۔




## کڑاکے کی سردی کے درمیان پورے ملک میں منایا گیا مکر سنکرانتی کا تہوار

نئی دہلی 14 جنوری (یو این آئی) پورے ملک میں کڑاکے کی سردی کے درمیان منگل کو مکر سنکرانتی کا تہوار خوشی اور روایتی رسوم و رواج کے ساتھ منایا گیا۔ سورج کے آج شمالی راستے میں داخل ہونے کے موقع پر منائے جانے والے مکر سنکرانتی اور گھوگتی کا تہوار پورے ملک میں جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ گنگا، جمنا اور رام گنگا ندیوں میں جہاں دیوی ڈولیوں کو



اسنان کرایا گیا وہاں عقیدت مندوں نے بھی مقدس ندیوں میں غوطہ لگایا۔ ساتھ ہی، مختلف مقامات پر کھچڑی بھوج کے اہتمام بھی کیے گئے۔ صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، وزیر داخلہ امت شاہ سمیت کئی وزراء اور لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی اور کانگریس کے صدر ملکارجن کھڑ کے سمیت مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے بھی مکر سنکرانتی کے تہوار پر پورے ملک کے باشندوں کو مبارکباد دی۔ دنیا کے سب سے بڑے روحانی اجتماع میں مہا کمبھ کے مکر سنکرانتی امرت سنان پر سنگم کے کنارے جیسے عقیدت مندوں کا سیلاب امڑ آیا ہے۔ صبح 10 بجے تک 38.1 کروڑ عقیدت مندوں نے کڑاکے کی سردی اور سرد ہوا کے درمیان عقیدت کے غوطے لگائے۔ 12 کلومیٹر لمبی گھاٹ کے علاقے میں "ہر ہر مہادیو" اور "جے شری رام" کی صدا گونجتی رہی۔ پورا اسنان گھاٹ دھند کے پردے میں چھپا ہوا تھا۔ مکر سنکرانتی کے موقع پر آدھی رات سے عقیدت مندوں نے سنگم میں غوطے لگانے کا آغاز کر دیا تھا۔ مہا کمبھ کے پہلے امرت سنان شاہی سنان میں عقیدت کا زبردست جوش دکھائی دیا۔ سادھوؤں کے درشن کے ساتھ مقدس غوطہ لگا کر پونیت حاصل کیا۔










## آتشی نے کالکاجی اسمبلی حلقے سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کئے



نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) عام آدمی پارٹی (آپ) کی رہنما اور دہلی کی وزیر اعلیٰ آتشی نے آج وکالکاجی اسمبلی حلقہ سے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کئے محترمہ آتشی نے کل نامزدگی داخل کرنے کے لیے ایک طویل روڈ شو نکالا تھا، لیکن تاخیر کی وجہ سے وہ نامزدگی نہیں بھر سکیں کل روڈ شو سے پہلے انہوں نے کالکاجی مندر میں پوجا کی اور گری نگر گرودوارہ میں متھا ٹیکا اس کے بعد سابق نائب وزیر اعلی منیش سسودیا کے ساتھ تقریباً ڈیڑھ کلومیٹر کا روڈ شو کیا۔ قابل ذکر ہے کہ کالکاجی اسمبلی حلقے سے بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے سابق رکن پارلیمنٹ رمیش بدھوڑی کو میدان میں اتارا ہے اور کانگریس نے پارٹی کی قومی خاتون صدر الکا لامبا کو میدان میں اتارا ہے۔ دہلی میں اسمبلی انتخابات کے لیے ووٹنگ 5 فروری کو ہوگی جبکہ ووٹوں کی گنتی 8 فروری کو ہوگی۔

## اسکولوں کو بم کی ای میل کی دھمکی کے معاملے میں نوعمر طالب علم گرفتار، این جی او زیر تفتیش

نئی دہلی، 14 جنوری (یو این آئی) اسکولوں کو بم سے اڑانے کی دھمکیاں دینے کے معاملے میں دہلی پولیس نے ایک ایسے طالب علم کو گرفتار کیا ہے جس کے خاندان کے افراد ایک غیر سرکاری تنظیم (این جی او) سے منسلک ہیں۔ دہلی پولیس کے اسپیشل کمشنر (لا اینڈ آرڈر) مدھوپ تیواری نے ایک پریس کانفرنس میں دعویٰ کیا کہ دہلی کے 400 سے زیادہ اسکولوں کو دھمکیاں بھیجنے والے طالب علم کو حال ہی میں گرفتار کیا گیا ہے۔ پوچھ گچھ سے پتہ چلا ہے کہ اس کے ایک این جی او سے وابستہ خاندان سے روابط ہیں، جسے ایک سیاسی جماعت کی حمایت حاصل ہے۔

# ”غریب عوام تو ایک تماشہ ہیں اور یہ دولت مند تماش بین ہیں“




کامیاب ریاست وہی ہوتی ہے جہاں ہر عوام الناس اپنے ماضی، حال اور مستقبل کو باوقار پرُسکون اور محفوظ سمجھتے ہوں، ان کی عزت ومال اور جان ہر لحاظ سے پرُ امن حالت میں محفوظ رہیں، ان کو روٹی، کپڑا اور مکان کی سہولت با آسانی میسر آجائے۔ اگر یہ سہولتیں ان کے لئے خواب اور سرمندہ تعبیر نہ ہونے والا خواب بن جائے تو ان کو نہ اپنے آپ پر اعتماد رہتا ہے، نہ ہی اپنی عزت کی پرواہ ہوتی ہے اور نہ ہی اپنے رزق کے حصول میں جائز وناجائز کی تمیز رہتی ہے، ان کے نزدیک وطن کی محبت بھی ثانوی حیثیت اختیار کر جاتی ہے۔ عزت، جان ومال سے بڑھ کر ان کی اہم ترین ضرورت دووقت کا وہ لقمہ ہے جس سے ان کے بدن اور جان کا رشتہ برقرار رہ سکے۔ بھوک انسانی وجود کو خطرناک صورتحال تک لے جاتی ہے، بھوک انسان کو درندگی کی صفات سے آشنا کرتی ہے۔ قارئین محترم! ہم ہندوستان عوام زمانے کے جبر کے باعث واضح طور پر دو معاشی طبقات میں تقسیم ہو چکے ہیں، ایک طبقہ دولت مندوں کا ہے اور دوسرا طبقہ غریب محرومین کا ہے۔ دولت مند طبقہ بھی بھوک کا شکار ہے اور محرومین بھی نان شبینہ کو ترستے ہیں۔ دولت مندوں کی بھوک یہ ہے کہ بھرے پیٹ کو اس طرح سے بھریں کہ ساری کائنات کا رزق ان کے پیٹ میں بھر دیا جائے اور وہ کسی طرح بھی سیر نہ ہو۔ دولت مند عزت کی بھوک کے اتنے شکار ہیں کہ دنیا بھر کی عزتیں سمیٹ کر بھی وہ اپنے آپ کو کم عزت ہی شمار کرتے رہیں اور پھر شخص کی دستارِ عزت اتار کر اپنی مصنوعی عزت کو بڑھاتے رہیں، ان کی عزت کا اضافہ تب بھی ناممکن ہوتا ہے جب کہ صالحان اور مطہرات کی عصمت کو اپنا انا کی تسکین کیلئے اپنے دائرہ جبر میں داخل کرلیں۔ دولت مندوں کی ایک بھوک یہ بھی ہے کہ وہ اپنے محلات کے رقبوں کو وسیع کرنے کیلئے کمزور لوگوں کی تھوڑی تھوڑی زمینوں کو اپنے قبضوں میں لیں، ان کی ایک بھوک یہ بھی ہے کہ وہ اعلیٰ اداروں پر اپنی خواہشاتِ ابلیسی کا پہرہ بٹھا کر رکھیں، ان کی سب سے بڑی بھوک یہ ہے کہ وہ الیکشن کے ڈرامے سے گذر تک عوام الناس کے اختیارات کی رسیاں تھام لیں۔ حسب ہمت کسی کو اونٹ، بکری، بھینس، گائے اور حرام جانوروں تک کا درجہ دیکر اپنے حسب منشا چلائیں۔ غریب اور بے سہارہ کی بھوک تو پیٹ سے شروع ہوتی اور پیٹ پر ختم ہوجاتی ہے۔ اچھے کپڑے، مناسب رہائش، واجبی تعلیم تو اس کے لئے درجہ تعیش میں شمار کی جاتی ہے لیکن فطرت کا ایک مساوی پہلو اپنی جگہ برقرار ہے کہ دولت مند ہوں یا غریب دونوں ہی نسل انسانی سے تعلق رکھتے ہیں، جذبات واحساسات کی بنیاد دونوں طبقوں کے یہاں یکسا ہے، ضروریات حیات کے تقاضے دونوں کے یہاں برابر ہیں لیکن دولت مند تو اپنی بھوک مٹانے کا جتن کر رہے ہیں قوم کی عزت، مال اور جان کے بیوپاری حلقہ در حلقہ مدحوشی میں رقص فرما ہیں، اقتدار کے ہر دروازے کی کنجی ان کی جیب میں ہے، غریب عوام تو ایک تماشہ ہیں اور یہ دولت مند تماش بین ہیں۔

راہ زن نما سیاست دانوں کا یہ نعرہ ہے کہ ہم چند برسوں میں غربت کو ختم کردیں گے اور یہ بات سچ ثابت ہوجائیگا، کیونکہ راہ زنوں نے راہبروں کی قبائے نجات میں پناہ لی ہے، ایجنڈہ کسی کا ہے تکمیل یہ کر رہے ہیں، اعداد وشمار کے نئے فارمولے ہیں جو غریب کیلئے پھانسی کا پھندہ ہوتے ہیں اور امیر شہر کی بقا کا نسخہ ہوتے ہیں۔ ترجیحات زندگی اب فطرت کی پابند نہیں رہی ہیں، بگڑے دل تخت نشینوں کے اشارہ چشم سے مرتب ہوتی ہے، ان کا اشارہ چشم ہے کہ بستے مکینوں کے مکانوں کو ریل کے پہیے تلے کچل دو، شہر کی خوبصورتی کیلئے غریبوں کے صحن کو ویران کردو، مسکین اور بے سہارہ شہریوں سے ان کی چار دیواری کو چھین لو، مکان نہیں رہا تو مکین کہاں جائیگا۔ غریب تو پہلے ہی ڈیڑھ مرلے کے مکان میں کسمپرسی کی زندگی گذار رہے ہیں، اب ان سے وہ بھی چھینے جا رہے ہیں، اپنے وطن میں بے گھر ہونا اور ظالمانہ انداز سے بے گھر ہونا کبھی دیکھا تھا نہ سنا تھا۔ امیر حکومت کے غریب کارندے غریب عوام سے الجھتے ہیں اور عوام ان سے الجھتے ہیں جمہور عوام جمہوریت نہیں مانگتے وہ تو زندہ رہنے کا حق مانگتے ہیں، وہ سڑکوں پر دندنانے والی ریل کا مطالبہ نہیں کر رہے ہیں وہ تو اپنے زندگی ٹوٹے چھکڑے کی حفاظت چاہتے ہیں، انہیں تو اپنی زندگی کی بقا کا نظام درکار ہے، جسے روٹی کپڑا اور مکان سب سے اہم ہے۔ دنیا بھر میں یہ بات طے شدہ حقیقت کے طور پر تسلیم کی جاتی ہے کہ جن معاشروں میں قانون کی حکمرانی ہوتی ہے، وہی ترقی وخوشحالی کے منازل تیزی سے طے کرتے ہوئے دوسروں کیلئے قابل تقلید بنتے ہیں اور انہیں مثالی معاشرے کے طور پر دوسروں کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔ یوں تو ہمارے ملک کے حکمراں یہ دعوے کرتے نہیں تھکتے کہ ملک میں آئین وقانون کی بالا دستی قائم ہوچکی ہے اور ہر طرف عدل وانصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔ سیانے کہتے ہیں تعریف وہی اچھی لگتی ہے جو دوسرے کریں، اگر ہم خود میاں مٹھو کی طرح اپنی تعریف کرنے لگ جائیں تو اس کا مطلب کیا ہوتا ہے یہ بات لوگ بخوبی جانتے اور سمجھتے ہیں۔ بات ہو رہی ہے ہندوستان میں قانون کی حکمرانی کی جس کی حقیقت یہ ہے کہ عوام ہندوستان کے پیچیدہ، بوسیدہ اور پھٹے پرانے نظام سے تنگ آچکے ہیں کیونکہ وہ یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ اس نظام پر سرمایہ داروں، سیاستدانوں، بیوروکریسی اور دیگر بااثر طبقات کی اجارہ داری قائم ہے اسی لئے انہیں عدل وانصاف کے ساتھ وہ بنیادی ضروریات زندگی بھی نہیں مل پا رہی ہیں جو ترقی یافتہ مما لک کے عوام کو میسر ہیں۔ ہندوستان ایک ایسا ملک ہے جس کا شمار ان مما لک میں کیا جا رہا ہے جہا قانون کی حکمرانی نہ ہونے کے برابر ہے۔ دوسرے الفاظ میں یہ کہا جاسکتا ہے کہ موجودہ حکومت میں یہاں آٹے میں نمک کے برابر ہی قانون پر عمل درآمد کیا جاتا ہے۔ انصاف حاصل کرنے والے خوش نصیب شہری شاید وہ ہوتے ہیں جو میڈیا کی نظر میں آجائے یا ایسے افراد جو اپنا کوئی نہ کوئی تعلق اور واسطہ استعمال کر کے قانون تک رسائی حاصل کرلیتے ہیں دوسری جانب وہ لوگ ہیں جو ٹھیک سے اپنا نام لکھ سکتے ہیں اور نہ ہی پڑھ سکتے ہیں، ایسی صورت میں وہ کسی سے انصاف کیسے حاصل کریں؟ عوام کی جہالت اور کم علمی بھی کرپشن اور بد عنوانی کی بڑی وجہ ہے۔ شہریوں کی اپنے حقوق سے لاعلمی سرکاری اہلکاروں کو دیدہ دلیری کا مظاہرہ کرنے کے قابل بناتی ہے اور وہ انتہائی دھڑلے سے ان کی مجبوریوں کا فائدہ اٹھا کر رشوت طلب کرتے ہیں، رشوت دینے والے کی نیاّ پار لگ جاتی ہے جبکہ نہ دینے والا کرپشن کے سمندر کی موجوں میں ہی بھٹکتا رہتا ہے۔ ہندوستان میں حکومت کی جانب سے جرم کرنے والے افراد کو کوئی سزا نہیں دی جاتی جس کے باعث یہاں آئین وقانون کی صورتحال بہت دیگر گوں ہوچکی ہے۔ معاشرے کے طاقتور افراد کمزور طبقات کے حقوق غصب کرنا اپنا حق سمجھتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ہندوستانی معاشرہ جنگل کا قانون بن کر رہ گیا ہے، جس وجہ کر ہندوستانیوں کی بڑی تعداد چوری، ڈکیتی کا شکار نظر آتی ہے۔ ملک میں چوری چکاری، ڈکیتی اور راہ زنی کی وارداتوں کی شرح بدستور بڑھتی جارہی ہے اس کی وجہ دولت کی غیر مساویانہ تقسیم اور چند ہاتھوں میں سمٹنا ہے، جس کے باعث امیر امیر تر جبکہ غریب غریب تر ہوتے جارہے ہیں۔

قیصر محمود عراقی

# مکاری وعیاری کے بغیر بھی زندگی گزاری جاسکتی ہے



عبدالغفار صدیقی۔ 9897565066

دنیا میں انسان کی زندگی چندروزہ ہے۔ اسے یہ بھی نہیں معلوم کہ یہ چندروز بھی کتنے ایام پر مشتمل ہیں۔ نہ اسے یہ معلوم کہ وہ زندگی کے کن مراحل سے گزرے گا؟ ایک بچہ جوانی کی دہلیز پر قدم رکھے گا یا نہیں۔ ایک نوجوان اپنا بڑھاپا دیکھے گا یا نہیں اسے کچھ نہیں معلوم۔ موت کی تلوار مختلف شکلوں میں انسان کے سر پر منڈرا رہی ہے۔ کہیں راستے میں موٹر ٹریفک کے حادثات اس کے منتظر ہیں جو چہرے کی شناخت تک مٹا دیتے ہیں، کہیں جنگل کی آگ ہے جس نے ہوا کے دوش پر سوار ہو کر لاس اینجلس کو راکھ کا ڈھیر بنا دیا ہے اور کل تک دادعیش دینے والے آہ وبکا میں مشغول ہیں۔ کل تک دوسروں کی آگ میں ہاتھ تاپنے والے اپنی آگ میں جھلس رہے ہیں۔ کہیں بارش کا پانی سیلاب کی صورت تباہی پھیلاتا ہے، کہیں بجلی کا ننگا تار انسان پر گر جاتا ہے، کہیں شہد کی مکھیاں اس پر چمٹ جاتی ہیں اور کام تمام کر دیتی ہیں، کہیں دواؤں کا ردعمل جان لیوا بن جاتا ہے، کہیں عیاشی اور شراب نوشی موت کے لیے حیلہ بن جاتی ہے، کہیں اولاد کا غم، کہیں اموال تجارت کے ماند پڑ جانے کا خوف، کہیں اور کچھ۔ غرض موت اتنے طریقوں سے آتی ہے کہ شمار نہیں کیا جاسکتا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ انسان نے دنیا میں محیر العقول ترقی کی ہے۔ اس نے افلاک پر علم لہرایا ہے، زمین کی تہوں کو برمایا ہے۔ سمندروں میں غوطہ زنی کی ہے۔ وہ ٹیکنالوجی کے میدان میں عظیم الشان ایجادات کا موجد ہے۔ اس نے ہوا کے دوش پر الفاظ کو سوار کیا ہے، پانی کے اندر مہینوں رہنے کی ٹیکنالوجی حاصل کرلی ہے۔ آن واحد میں دنیا کو تباہ کرنے والے ہتھیار بنائے ہیں۔ موت پر فتح پانے کے لیے میڈیکل کی دنیا آباد کی ہے۔ خداد ذہانت کے ساتھ ساتھ **آرٹیفیشل انٹیلیجنسی** کے ذریعہ ناممکنات کی فہرست میں شمار ہونے والے بہت سے کاموں کو بھی ممکنات کی فہرست میں شامل کر دیا ہے۔ مگر کیا وہ خود کو موت سے بچا سکا؟ تیز رفتار موٹر کاریں اور صاف وشفاف ہائی وے کے باوجود کیا ٹریفک حادثات میں کمی آئی؟ کیا سپر اسپیشلیٹی ہاسپٹل میں زندگی بچانے والی ادویات کی موجودگی کے بعد بھی لوگوں کا مرنا کم ہوا؟ جب تک وہ پیدل اور گھوڑا گاڑی پر سفر کرتا تھا شاید آج سے کہیں زیادہ محفوظ تھا۔ جب وہ جڑی بوٹیاں پکا کر پیتا تھا تو دواؤں کے سائڈ افیکٹ اور اطباء کی مکاریوں سے بچا ہوا تھا۔ ایسا لگتا ہے انسان نے جوں جوں ترقی کی ہے اس نے خود کو مزید غیر محفوظ بنالیا ہے۔

انسان اپنی چندروزہ زندگی گزارنے کے لیے مثبت کوششوں کے علاوہ منفی جتن بھی کر رہا ہے۔ جس میں سب سے زیادہ قابل تشویش بات یہ ہے کہ آج کا انسان ماضی کے انسان کے مقابلہ زیادہ مکار ہوگیا ہے۔ آبادی کے لحاظ سے بھی مکاروں کے تناسب میں اضافہ ہوا ہے اور شاطرانہ چالوں میں بھی جدید ٹیکنالوجی نے مکاری وعیاری کو سہولت بخشی ہے۔ آپ پہلے خود پر نظر ڈالیں اور دیکھیں کہ آپ خود کو کتنا دھوکا دے رہے ہیں۔ خود اپنے ساتھ کس قدر ناانصافیاں کر رہے ہیں؟ جسے قرآن ”نفس پر ظلم“ کہتا ہے۔ آپ بیمار ہیں مگر زبان کی لذت کا شکار ہو کر نقصان دہ غذاؤں کا استعمال کر رہے ہیں۔ آپ مشکوک ذریعہ معاش کو چھوڑنے کے بجائے قرآن وحدیث میں اس کے جواز کے فتوے تلاش کر رہے ہیں۔ زندگی کے ہر قدم پر لوگوں کو دھوکا دے رہے ہیں، مگر ہر سال عمرہ کر کے خدا سے بخشش کے طلب گار ہیں۔ آپ کے اندر نفاق کی بیماری نے جڑ پکڑ لی ہے۔ آپ کے ایمان وعمل میں تضاد ہے۔ خدا کے ساتھ ساتھ غیر اللہ سے بھی کسی نہ کسی درجہ میں آپ پر امید ہیں۔ یہ سب خود پر ظلم نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ آخر ایسا کیوں کر رہے ہیں آپ؟ صرف چندروزہ زندگی کے لیے اور سنیے! آپ کا یہ ظلم صرف آپ تک محدود نہیں رہتا۔ بلکہ اپنے اہل خانہ پر بھی ہے۔ اپنے ہمسایوں پر بھی ہے، اپنے متعلقین پر بھی ہے اور جب آپ بڑے ظالم بن جاتے ہیں تو ساری دنیا آپ کے ظلم کا شکار بن جاتی ہے۔ پھر آپ فرعون، شداد، نمرود اور ہٹلر بن جاتے ہیں۔

آپ کا یہ ظلم ہر روپ میں جلوہ گر ہے۔ آپ اسپتال میں ایک ڈاکٹر کا ظلم دیکھتے ہیں۔ اسپتال کے ریسپشن سے لے کر اس کے ہر شعبہ میں جو مکاریاں موجود ہیں ان کو دیکھ کر فرعون کی روح بھی کانپنے لگتی ہے۔ خواہ مخواہ کے ٹیسٹ کرائے جاتے ہیں، نقلی دوائیں استعمال کرائی جاتی ہیں، بے ضرورت کئی کئی دن بھرتی رکھا جاتا ہے۔ جسم کے نازک اعضاء تک سے چھیڑ چھاڑ کی جاتی ہے، کڈنی نکال کر بیچنے کے واقعات کا سلسلہ تو کافی قدیم ہوگیا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ایک ڈاکٹر کو قابل احترام زندگی گزارنے کے لیے کیا اس قسم کی مکاریاں انجام دینے کی ضرورت ہے؟

اسی طرح آپ دیگر شعبہائے حیات پر نظر ڈال کر دیکھ لیں۔ انجینئر کی مکاریوں کے نتیجے میں افتتاح سے پہلے ہی پل گر جاتے ہیں۔ عمارات کے ملبہ میں مزدوروں کی لاشیں ملتی ہیں۔ اساتذہ کی مکاریوں نے معیار تعلیم کو کس قدر پستی میں پہنچادیا ہے۔ تاجروں کی مکاریوں نے کھانے پینے کی اشیاء کو زہر بنا دیا ہے۔ آپ دودھ جیسی چیز میں واشنگ پاؤڈر ملا رہے ہیں۔ ملاوٹ خوری کے چلتے آج کوئی ادارہ اور کوئی کمپنی قابل اعتماد نہیں رہی۔ دنیا چھوڑیے دین و مذہب بھی کاروبار بن کر رہ گیا ہے۔ مذہبی گروہوں نے انسان کو خدا کا بندہ بنانے کے بجائے اپنا بندہ بنانا شروع کر دیا ہے۔ باطل پر حق کا رنگ چڑھا رہے ہیں۔ اسلام کی سیدھی اور سچی تعلیمات کو چھپا رہے ہیں۔ بھولے بھالے انسانوں کو خدا کے عذاب سے ڈرا کر پیسہ اینٹھ رہے ہیں۔ مجرموں اور ظالموں کو عدالت الٰہی سے نجات دلانے کا ٹھیکہ لے رہے ہیں۔ ان کے پاس ہر کام کے لیے دعائیں، وظائف اور تعویذ ہیں جو سستے دام پر میسر ہیں۔ سوال یہ ہے کہ کیا انسان کو دنیا کی چندروزہ زندگی گزارنے کے لیے ان مکاریوں، شاطرانہ چالوں اور منافقانہ رویوں کی واقعی ضرورت ہے؟ کیا یہ ممکن نہیں کہ کسی کو دھوکا دیے بغیر زندہ رہا جاسکے؟ کیا انسانی جسم کی ضرورتیں جائز اور حلال راستوں سے پوری نہیں ہوسکتیں؟

اگر آپ کا جواب یہ ہے کہ بے ایمانی کے بغیر باعزت زندگی گزاری جاسکتی ہے تو بے ایمانی اور جھوٹ کے دروازوں پر تالا لگایئے اور یہ عہد کیجیے کہ میں کسی کے ساتھ فریب نہیں کروں گا۔ فریب کرنے کے لیے حیلے تلاش نہیں کروں گا اور اگر آپ کہتے ہیں کہ آج کے دور میں ایمان داری سے زندہ نہیں رہا جاسکتا جیسا کہ میں اکثر لوگوں کی زبان سے سنتا ہوں تو پھر اخلاقیات پر مبنی ساری کتابیں دریا برد کردیجیے، تمام آسمانی صحیفوں کو خیر باد کہہ دیجیے، عبادت گاہوں کی جگہ میخانے اور قمار خانے بنادیجیے۔ لیکن دنیا میں روزانہ تعمیر ہونے والی سجدہ گاہوں اور خدا کے نام پر آپ کو ایک دوسرے کی جان کے درپئے آزار دیکھ کر تو یہی اندازہ ہوتا ہے کہ آپ خدا، وحی، رسول، کتاب، اور عبادت پر یقین رکھتے ہیں۔ آپ کی اکثریت نہ صرف حیات بعد موت کی قائل ہے بلکہ جزا وسزا کے فلسفہ پر بھی یقین رکھتی ہے۔ پھر آپ کی عملی زندگی میں دھوکا اور فریب کیوں ہے؟ میں سمجھتا ہوں کہ دنیا کی چندروزہ زندگی شرافت، ایمان داری، نیکی اور تقویٰ کے راستے پر چل کر بھی نہایت اطمینان وسکون سے گزاری جاسکتی ہے۔ بلکہ عیاری ومکاری کی زندگی میں جو بے اطمینانی واضطراب پایا جاتا ہے اس سے بھی چھٹکارہ پایا جاسکتا ہے۔ اس لیے کہ جب تک دنیا میں خدا کے دین کی روشنی موجود ہے اور ظلم ومکاری کا شمار بدی کی فہرست میں ہوتا ہے اس وقت تک غیر اخلاقی کام کرنے والا ہر متنفس خود کو مجرم سمجھتا ہے اور مجرم سکون واطمینان کی دولت سے ہمیشہ محروم رہتا ہے۔ نفس لوامہ اسے رات کو چین سے سونے نہیں دیتا اسی لیے اسے نیند کی گولیوں کا سہارا لینا پڑتا ہے، دن میں بھی وہ ہر وقت اپنے عیوب کو چھپانے کی فکر میں غلطاں رہتا ہے۔ ہر مجرم اپنے جرم کی کیفیت کے مطابق بے سکونی کی زندگی گزارتا ہے۔ حالانکہ ایک وقت ایسا آتا ہے جب اپنی تمام تر کوششوں کے باوجود وہ خود کو موت سے نہیں بچا پاتا۔ اس کی مکاریاں اس کا منہ چڑھاتی ہیں۔ اور اس کے پاس کف افسوس ملنے کے سوا کوئی چارہ نہیں رہتا اور وہ زبان حال سے کہہ رہا ہوتا ہے۔ ”اے میرے رب! تو نے مجھے تھوڑی سی مدت تک کیوں مہلت نہ دی کہ میں صدقہ دیتا اور صالحین میں سے ہوجاتا۔“ (المنافقون۔10) قرآن مجید اس بات کی ضمانت دیتا ہے کہ اگر انسان شرافت وایمان داری کی زندگی گزارنا چاہے تو اس کے لیے کوئی مشکل نہیں ہے۔ ارشاد ربانی ہے۔ ”جو مرد یا عورت نیک عمل کرے اور وہ مسلمان ہو تو ہم ضرور اسے پاکیزہ زندگی دیں گے اور ہم ضرور انہیں ان کے بہترین کاموں کے بدلے میں ان کا اجر دیں گے۔“ (النحل۔97) صرف پاکیزہ زندگی کی ہی نہیں بلکہ ایسے لوگوں کے لیے زمین وآسمان سے اسباب زندگی کی بارش ہوتی ہے۔ چنانچہ اہل کتاب کو مخاطب کر کے فرمایا گیا۔ ”اور اگر وہ تورات اور انجیل کو قائم رکھتے اور اس کو جوان پر ان کے رب کی طرف سے نازل ہوا ہے تو اپنے اوپر سے اور اپنے پاؤں کے نیچے سے کھاتے۔“ (المائدہ۔66) دنیا کی زندگی میں سب سے آخری چیز جس کی انسان تمنا کرتا ہے وہ تاج وتخت ہے۔ قرآن اس کا بھی وعدہ کرتا ہے۔ وہ ان کنتم مومنین کے نتیجہ میں انتم الاعلون کا مژدہ سناتا ہے اور اسی پر اکتفا نہیں کرتا بلکہ استخلاف فی الارض کی یقین دہانی کراتا ہے۔ چنانچہ سورہ النور کی آیت 55 میں اللہ رب العزت کا وعدہ ہے۔ ”اللہ نے تم میں سے ایمان والوں اور اچھے اعمال کرنے والوں سے وعدہ فرمایا ہے کہ ضرور ضرور انہیں زمین میں خلافت دے گا جیسی ان سے پہلوں کو خلافت دی ہے۔“ ساری دنیا کو چھوڑیے اللہ اور اس کے رسول حضرت محمد ﷺ پر ایمان کا دعویٰ کرنے والی امت کو تو مکارانہ رویہ سے توبہ کرنا ہی چاہیے۔ ایک طرف قرآن کے ہر حرف کو سچا مانا جاتا ہے۔ دوسری طرف آج مکار لوگوں کی تعداد میں سب سے زیادہ تعداد خود کو مسلمان کہلانے والوں کی ہے۔ جب قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے تمام مخلوقات کو روزی دینے کا وعدہ کرلیا ہے۔ جب ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں کہ اللہ اپنی ان مخلوقات کو بھی روزی دیتا ہے جو کوئی تجارتی سرگرمیاں انجام نہیں دیتیں اور ان کی تعداد انسانوں سے لاکھوں گنا زیادہ ہے تو پھر انسان جس کو عقل وشعور کی دولت سے نوازا گیا ہے اور ساری کائنات جس کی خدمت میں لگی ہوئی ہے، جس کو اشرف المخلوق کی سند عطا ہوئی ہے پھر اسے کس بات کا خطرہ ہے اور وہ کیوں جھوٹ، فریب، دھوکہ اور مکاری سے کام لے رہا ہے؟

## کھیں کا غصّہ کھیں اور جھاڑا

راقم الحروف... عافیہ پروین۔ متعلم تاج پور ہائی اسکول سیوے، جموئی بہار

ایک استانی کہتی ہیں” میں کلاس میں داخل ہوئی اور پیچھے سے دروازہ بند کرلیا۔ میں نے فیصلہ کیا کہ آج اپنا سارا غصہ بچوں پر نکالوں گی۔ واقعہ یہ ہوا کہ جس بچے نے ہوم ورک نہیں کیا تھا، اسے پکڑا اور مارا!

ایک بچے کو میز پر سوئے ہوئے پایا، اس کا بازو پکڑا اور کہا: ”تمہارا ہوم ورک کہاں ہے؟“ وہ بچہ ڈر کے پیچھے ہٹ گیا اور لرزتے ہوئے بولا بھول گیا ہوں مجھے معاف کر دیں۔ میں نے اسے پکڑا اور اپنے سارے غصے اور وہ دباؤ، جو میرے شوہر کی وجہ سے تھا، اس پر نکال دیا۔ پھر میں نے ایک بچے کو کھڑا پایا، وہ میرے قریب آیا، میرا دامن کھینچتے ہوئے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ جھک کر اس کی بات سنوں۔

میں غصے سے سر جھکی، اور کہا: ”ہاں، بولو، کیا ہے؟“

وہ مسکرا کر بڑی معصومیت سے کہتا ہے کیا ہم کلاس سے باہر بات کر سکتے ہیں؟ یہ بہت ضروری ہے۔“ میں نے اسے بے صبری سے دیکھا اور سوچا کہ ضرور کوئی معمولی بات ہوگی، مثلاً یہ کہ کسی ساتھی نے اس کا پین چوری کرلیا ہوگا۔ لیکن جب میں نے اس کی بات سنی تو میں اس کی ذہانت سے حیرت زدہ رہ گئی۔ اس کے پاس بے شمار تربیتی معلومات تھیں۔ وہ ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ بولا: ”دیکھیں، ٹیچر، آپ بہت اچھی ہیں، اور ہم سب آپ سے محبت کرتے ہیں۔ لیکن میرا وہ ساتھی، جسے آپ نے آخر میں مارا، وہ یتیم ہے۔ اور اس کی ماں اسے ہمیشہ مارتی ہے جب وہ کوئی غلطی کرتا ہے۔ وہ اسے غلط طریقے سے تربیت دیتی ہے، اسی لیے وہ اکثر چیزیں بھول جاتا ہے اور ہر چیز سے ڈرتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ ہمارے ساتھ کھیلنے سے بھی ڈرتا ہے، کیونکہ اسے ڈر ہوتا ہے کہ ہم اسے ماریں گے۔ میں اس کا دوست ہوں اور ہمیشہ اس کے ساتھ رہتا ہوں۔ اس نے مجھے بتایا کہ اسے مار کھانا بالکل پسند نہیں۔ اگر آپ اس کا جسم دیکھیں تو آپ کو اس پر مار کے نشانات ملیں گے، جو اس کی ماں نے کیے ہیں۔“

پھر وہ بچے نے کہا:

کیا آپ ہماری ماں اور مربی بن سکتی ہیں؟ اور براہِ کرم، جب آپ کلاس میں آئیں تو اپنا غصہ اور پریشانی باہر چھوڑ کر آئیں، کیونکہ ہم آپ سے محبت کرتے ہیں اور آپ سے بہت کچھ سیکھتے ہیں۔“ میں حیرانی سے اسے دیکھتی ہوں اور کہتی ہوں: ”تم اتنے بڑے لوگوں سے کیسے بات کر لیتے ہو؟“ تو وہ جواب دیتا ہے: ”میری ماں نے ہمیشہ مجھے اچھا گمان کرنا سکھایا ہے، اور یہ بھی کہا ہے: ’تمہیں نہیں معلوم کہ سامنے والے کس حالت میں ہیں، اس لیے اپنا غصہ اور پریشانی ایک طرف رکھو اور ان کے ساتھ نرمی سے پیش آؤ۔

دنیا میں بہت سی تکلیف دہ چیزیں ہیں انہوں نے یہ بھی کہا:

’اگر تم کسی کو پریشان دیکھو، تو اس سے معافی مانگو، خواہ تم اس کی تکلیف کے ذمہ دار نہ ہو۔‘

پھر وہ مجھے گلے لگاتا ہے اور کہتا ہے: ’یقیناً آپ کسی وجہ سے ناراض ہیں، اسی لیے آج ہمیں مارا۔ ٹیچر، میں آپ سے معذرت خواہ ہوں، براہِ کرم ناراض نہ ہوں، کیونکہ آپ بہت اچھی ہیں۔‘ میں حیرانی کے عالم میں کھڑی تھی، اور ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ میں بچی ہوں اور وہ میرا استاد اور مربی ہے۔ کیا آج بھی ایسی تربیت ہوتی ہے؟ اور کیا ایسی مائیں موجود ہیں جو اپنے بچوں کی اس قدر عمدہ تربیت کرتی ہیں؟“

میں نے اس بچے سے کہا: ’ٹھیک ہے، میں اسے کیسے مناؤں؟“

تو وہ بولا:

یہ لیں، چاکلیٹ! وہ اسے پسند کرتا ہے۔ اگر وہ آپ کو معاف کر دے تو اپنے رب سے استغفار کریں اور ’سبحان اللہ وبحمدہ‘ کہیں تاکہ جنت میں آپ کے لیے ایک درخت اگے۔“

میں نے کہا: ”جیسے دنیا میں درخت ہیں؟“

وہ بولا: ”میری ٹیچر، جنت کے درخت دنیا کے درختوں جیسے نہیں ہوتے۔ میری ماں نے بتایا کہ جنت کے درخت کی پھل بہت نرم، بڑے اور شہد سے بھی زیادہ میٹھے ہوتے ہیں، اور ان میں کوئی بیج نہیں ہوتا۔“

میں نے پوچھا: ”انس، کیا میں تمہاری ماں کو کوئی تحفہ دے سکتی ہوں؟“ وہ بولا: ”ہاں، مگر وہ ہمیشہ کہتی ہیں کہ ’انس میرا تحفہ ہے۔“

میں نے کہا: ”واقعی، تم ایک بہت بڑا تحفہ ہو اور بہت پیارے بچے ہو۔“ انس نے کہا: ”چلیں، آئیں احمد کو منائیں۔ میرے پاس پانچ روپے ہیں، اس سے چاکلیٹ خرید لیں اور احمد کو دیں، اور کہہ دیں کہ آپ نے اسے اس کے لیے خریدا ہے۔“

میں نے انس سے کہا: ”تمہاری ماں واقعی ایک عظیم خاتون ہیں، وہ جنت کی حقدار ہیں۔“ وقت گزرتا گیا۔

مس ریحام، آپ کیسی ہیں؟“

میں نے مڑ کر دیکھا تو انس تھا، اب ایک جوان لڑکا، عینک پہنے کھڑا تھا اور اس کی ماں اس کے ساتھ تھی، جن کے چہرے پر نور تھا۔ بعد میں انس کی ماں میرے لیے ایک تحفہ لے کر آئیں اور کہا: آپ انس کی استاد تھیں، یہ تحفہ میری طرف سے قبول کریں۔

آپ نے جو اچھائی انس کو سکھائی، یقیناً اس میں آپ کا بھی حصہ ہے۔“

میں نے حیرانی سے کہا: ”کیسے؟“

وہ بولیں:

الحمدللہ، میرا بیٹا اب ڈینٹل کالج میں لیکچرر ہے۔“

میری آنکھوں میں آنسو تھے۔ میں نے کہا:

آپ کا شکریہ، یہ ہدیے تو آپ جیسے لوگوں کے لیے ہیں۔ آپ سمجھتی ہیں کہ آپ نے صرف انس کی تربیت کی؟ حقیقت میں، آپ کی تربیت نے مجھے بھی سدھار دیا۔

آپ کے بیٹے نے مجھے سالوں پہلے ایک سبق دیا، جس نے میری زندگی بدل دی۔ اسی کے باعث میں نے اپنے بچوں کی اچھی تربیت کی، اور میرا ازدواجی رشتہ بھی بہتر ہوگیا۔“ حکمت: نیک بیوی معاشرے کی جنت بنانے کے لیے ایک مضبوط بنیاد ہے۔

اور گھریلو عورت کے کردار کو معمولی نہ سمجھیں، کیونکہ وہ ایک پوری نسل کی مربی ہوتی ہے۔

اگر آپ نے کہانی پڑھ لی ہے تو صرف پڑھ کر نہ جائیں، اپنی پسند کا اظہار کریں اور

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ“

کا ذکر کریں، کیونکہ یہ ساتوں آسمانوں اور زمین سے زیادہ وزنی ہے۔ یاد دہانی: نبی ﷺ نے فرمایا:

صدقہ دینے سے مال کبھی کم نہیں ہوتا“ یاد رکھیں، جو کچھ آپ خرچ کریں یا شیئر کریں، اس کا اثر آپ کی زندگی میں برکت، صحت، رزق میں اضافہ، اور دل کی خوشی کی صورت میں ظاہر ہوگا۔


اس لئے دینے میں کبھی ہچکچائیں نہیں، کیونکہ عطا خیر کوئی گنا بڑھا دیتی ہے۔

## ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی نے کمیونٹی کے لیے دلی نیک خواہشات کا اظہار کیا، ثقافتی ورثے اور کمیونٹی کے جذبے کو اجاگر کیا

ایڈوکیٹ زرگر پٹنوی کی مکر سنکرانتی پر نیک خواہشات بہت سے لوگوں کے لیے خوشی کا باعث ہوں گی۔ یہ ہمیشہ دل دہلا دینے والا ہوتا ہے جب کمیونٹی لیڈرز اور عوامی شخصیات تہواروں کے دوران اپنی نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہیں، کیونکہ یہ اتحاد اور جشن کے احساس کو فروغ دیتا ہے۔ایڈوکیٹ پٹنوی نے دعا کی کہ مکر سنکرانتی میں ممکنہ طور پر خوشحالی، خوشی اور اتحاد کے دلی پیغامات شامل ہیں۔ یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم ثقافتی روایات کی اہمیت اور مل کر جشن منانے کی خوشی پر زور دیں۔ یہ اکثر لوگوں کو بھائی چارے میں شامل ہونے کی ترغیب دیتا ہے۔انہوں نے اس تہوار کو منانے کے لیے ایک کمیونٹی کے طور پر اکٹھے ہونے کی اہمیت پر زور دیا، تعلق اور باہمی احترام کے احساس کو فروغ دیا۔ایڈوکیٹ پٹنوی نے یہ بھی کہا کہ ثقافتی طریقوں کو زندہ رکھنے کے لیے لوگوں کو روایتی سرگرمیوں میں حصہ لینا چاہیے، جیسے پتنگ بازی، تہوار کے کھانے کی تیاری، اور رسومات ادا کرنا۔ایڈوکیٹ پٹنوی نے مزید لوگوں پر زور دیا کہ وہ اپنی خوشیوں اور خوشحالی کو ضرورت مندوں کے ساتھ بانٹیں، دینے اور ہمدردی کے جذبے کو تقویت دیں۔ یہ اقدامات نہ صرف کمیونٹی کو ترقی دیتے ہیں بلکہ افراد کو ان اقدار اور روایات پر غور کرنے کی ترغیب دیتے ہیں جو مکر سنکرانتی کو خاص بناتے ہیں۔




## اردو صحافت کا المیہ: سراج انور



بزرگوار صحافی خورشید پرویز صدیقی اب اس دنیا میں نہیں ہیں۔ بیباک اور بڑے صحافی تھے۔ان کی یاد میں رسم ادائیگی کے لئے کل پٹنہ میں اردو میڈیا فورم کی جانب سے تعزیتی نشست کا انعقاد کیا گیا۔سبھی اخبارات کے ایڈیٹر اور رپورٹر موجود تھے۔آج تعزیتی نشست کی ایک لائین کی خبر کسی اخبار میں نہیں ہے۔اردو صحافت کا المیہ یہی ہے آج زیادہ تر صحافی ریلیز کے بھروسے بیٹھے رہ جاتے ہیں۔خود خبر لکھنا شاید نہیں آتا؟ محنت نہیں کرتے۔صحافتی ذمہ داری تو یہ تھی کہ جن لوگوں نے تعزیتی کلمات پڑھے وہی لکھ ڈالتے۔اگر یہ بھی نہیں کر سکتے تھے تو ایک تصویر لگا کر کیپشن ڈال دیتے۔خبر اور مردہ زیادہ دیر تک رکھنے سے بدبو دینے لگتا ہے۔آج ریلیز بنے گی کل باسی خبر چھاپنے سے کیا فائدہ؟اس اخبار نے بھی خبر نہیں چھاپی جہاں خورشید بھائی آخری سانس تک ملازمت میں تھے۔جبکہ وہاں سے ایڈیٹر صاحب اور رپورٹر بھی موجود تھے۔جب تعزیتی نشست کی خبر نہیں دے سکتے تو آپ نے مرحوم سے سیکھا کیا۔خاک نہیں سیکھے۔صرف آنسو بہانے سے صحافت کو سرفرازی حاصل نہیں ہو جاتی جب تک آپ اس شخصیت کی خوبیوں کو اپنے اندر اتار نہیں لیتے۔ہم نے تو کئی موقعوں پر خورشید بھائی کو رپورٹنگ کرتے بھی دیکھا ہے۔خود سے رپورٹ لکھنا معیوب نہیں ہے۔

## مانو میں یورپی ہسٹورین کی آمد آج

بتاریخ 14 جنوری 2025 بروز منگل ڈپارٹمنٹ آف ہسٹری مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد میں ایک یورپین ہسٹورین کے وفد ساتھ ملاقات بطور انٹرویو ہوئی جس کو منعقد کرانے والے ڈپارٹمنٹ آف ہسٹری کے ہیڈ پروفیسر رفیع اللہ اعظمی تھے سب سے پہلے ڈپارٹمنٹ آف ہسٹری کے ہیڈ پروفیسر رفیع اللہ اعظمی نے آنے والے تمام ہسٹورین کا استقبال کیا اور ڈپارٹمنٹ آف ہسٹری کے ٹیچر ڈاکٹر پرویز کھانڈے نے مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد کا ایک مختصر سا خاکہ پیش کیا پھر اس کے بعد یورپین ہسٹورین کے وفد میں سے ایک ہسٹورین کو مدعو کیا گیا اور اس نے اپنی خوشی کا اظہار کیا اور اپنے ریسرچ کے بارے چند باتیں کیں۔اس کے بعد پروفیسر صدیقی محمد محمود سر کو مدعو کیا گیا سر نے پہلے اپنا تعارف پیش کیا اور پھر ہسٹری کا ایک مختصر سا خاکہ پیش کیا جو بہت ہی اہم تھا ۔ پھر ہسٹورین کے وفد کو کئی گروپ میں تقسیم کیا تا کہ اچھے انداز میں انٹرویو ہو سکے اور اس سے فائدہ اٹھایا جا سکے،اس انٹرویو میں مانو ڈپارٹمنٹ آف ہسٹری ایم اے سال دوم کے طلبہ ریسرچ اسکالر، ٹیچرس اور گیارہ یورپین ہسٹورین شامل تھے اس انٹرویو میں مختلف موضوعات پر گفتگو ہوئی اور ہم سب نے اس سے استفادہ کیا، پھر انٹرویو پایہ تکمیل کو پہنچا۔ معراج عالم (ایم. اے سال دوم) ڈپارٹمنٹ آف ہسٹری مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی حیدرآباد




## انڈیا انرجی ویک 2025 عالمی توانائی کے مکالمے کی نئی وضاحت کرے گا

نئی دہلی، 14 جنوری، 2025: انڈیا انرجی ویک 2025 (IEW 2025)، حکومت ہند کا اہم توانائی پروگرام، 11 سے 14 فروری 2025 تک منعقد ہوگا۔ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت کے تحت فیڈریشن آف انڈین پیٹرولیم انڈسٹریز (FIPI) اسے یشوبھومی کنونشن سینٹر، نئی دہلی میں منظم کرے گی۔ اس سے پہلے ہندوستان انرجی ویک کا دو مرتبہ شاندار کامیابی کے ساتھ انعقاد کیا جا چکا ہے۔اس سال کے توانائی کیلنڈر کی پہلی بڑی عالمی تقریب، IEW 2025، سال کی سب سے جامع اور جامع عالمی توانائی کانفرنس ہوگی۔سال 2023 میں اپنے آغاز کے بعد سے، انڈیا انرجی ویک مسلسل عالمی سطح پر اپنی اہمیت حاصل کر رہا ہے۔IEW 2025 اپنی اہمیت میں توانائی کے دیگر بین الاقوامی واقعات کو پیچھے چھوڑ دیتا ہے




## بھارت نگر باندرہ ممبئی آتشزدگی معاملہ: جمعیۃ علماء (ارشد مدنی) نے بلاتفریق مذہب متاثرہ 40 مکینوں کی امداد کی

ممبئی، 14 دسمبر (یو این آئی) گزشتہ دنوں ممبئی کے مضافات مسلم اکثریتی علاقہ بھارت نگر باندرہ، ممبئی میں آتشزدگی کا معاملہ پیش آیا اور تین درجن سے زائد جھونپڑے جل کر خاکستر ہوگئے جس میں غیر مسلموں کے بھی جھونپڑے ہیں ۔ملی اطلاع کے مطابق آگ کی شدت کا عالم یہ تھا کہ مکینوں کے بدن کے کپڑے کے علاوہ کوئی بھی سامان نہیں بچا، حتی کہ ان کے قیمتی دستاویزات بھی نذر آتش ہوگئے ۔حادثہ کی اطلاع ملتے ہی مفتی محمد یوسف قاسمی جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء مہاراشٹر نے صدر مولانا حلیم اللہ قاسمی کے مشورے سے مقامی یونٹ کے صدر قاری احکام سے رابطہ قائم کرکے مقامی ذمہ داران کے ساتھ جائے حادثہ پر پہونچ کر متاثرین کی فوری امداد اور نقصانات کی رپورٹ تیار کرکے ریاستی دفتر کو ارسال کرنے کی ہدایت دی۔حسب ہدایت انہوں نے مقامی یونٹ کے ذمہ داروں پر مشتمل ایک وفد کے ساتھ جائے حادثہ کا سروے کیا ،اور اپنی سروے رپورٹ سے ریاستی ذمہ داروں کو مطلع کیا۔جمعیۃ علماء مہاراشٹر کے ذمہ داران نے وفد کی سروے رپورٹ کی روشنی میں عبوری امداد کے طور پر 40 / متاثرہ خاندانوں میں روزمرہ کے استعمال کے گھریلو سامان دینے کا فیصلہ کیا ۔اور آج بروز منگل 14 /جنوری کو مقامی ذمہ داروں کی موجودگی میں ریاستی وفد نے متاثرین کے درمیان مذکورہ سامان تقسیم کیا ۔اس موقع پر مولانا حلیم اللہ قاسمی صدر جمعیۃ علماء مہاراشٹر، مفتی محمد یوسف قاسمی جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء مہاراشٹر، مولانا اشتیاق احمد قاسمی خازن جمعیۃ علماء مہاراشٹر، مفتی حفیظ اللہ قاسمی ناظم تنظیم جمعیۃ علماء مہاراشٹر، حکیم فہیم الدین خان جنرل سکریٹری جمعیۃ علماء سینٹرل زون ممبئی، قاری احکام صدر جمعیۃ علماء بھارت نگر باندرہ، مولانا حبیب الرحمٰن قاسمی صدر جمعیۃ علماء کا جو پاڑہ کرلا اور حافظ نور الدین خان رکن جمعیۃ علماء مہاراشٹر وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔



## نوجوانان اسلام اور اسلامی اقدار توقیر بدر القاسمی الازہری

(سوپول بیرول) بیک بلیا کے جوڑ میں عصری طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے مفتی توقیر بدر القاسمی الازہری نے کہا: نوجوان کسی بھی قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں، اور ان کی زندگی کا یہ سنہری دور ان کی شخصیت سازی اور مستقبل کے تعین میں بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ دین اسلام نوجوانوں کو نہ صرف ایک کامیاب زندگی گزارنے کا راستہ دکھاتا ہے، بلکہ انہیں اعلیٰ اخلاقی اقدار سے مزین کرتا ہے۔اسلامی تعلیمات نوجوانوں کو اعتدال، صبر، شکر، حیا، اور عاجزی جیسی خوبیاں اپنانے کی ترغیب دیتی ہیں۔قرآن پاک اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی روشنی میں نوجوانوں کو یہ سکھایا جاتا ہے، کہ اپنی زندگی کو اللہ کی رضا کے مطابق گزاریں اور اپنے کردار و عمل سے ایک بہترین انسان بنیں۔مفتی صاحب نے اپنی بات جاری رکھتے ہوئے کہا: اسلام نوجوانوں کو یہ شعور دیتا ہے، کہ دنیا اور آخرت دونوں کی کامیابی کے لیے دین پر عمل ضروری ہے۔نماز، روزہ، اور صدقہ جیسی عبادات انہیں اللہ کے قریب کرتی ہیں اور انہیں اپنے مقصدِ زندگی کو سمجھنے میں مدد دیتی ہیں۔ اسلامی اقدار، جیسے والدین کی خدمت، صداقت، اور دوسروں کے ساتھ حسن سلوک، معاشرتی نظام کو بہتر بناتی ہیں اور نوجوانوں کو ایک ذمہ دار شہری بننے میں مدد فراہم کرتی ہیں۔آگے مزید انہوں نے کہا آج کے دور میں جہاں نوجوان مختلف چیلنجز کا سامنا کر رہے ہیں، وہاں دین اسلام ان کے لیے رہنمائی کا بہترین ذریعہ ہے۔ یہ انہیں برائیوں سے بچنے اور حق کے راستے پر قائم رہنے کا درس دیتا ہے۔اگر نوجوان اسلامی اقدار کو اپنائیں، تو وہ نہ صرف اپنی ذات بلکہ پورے معاشرے کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔الغرض! اسلامی تعلیمات آپ نوجوانوں کے لیے روشنی کا مینار ہیں۔ یہ آپ کی زندگی میں مقصد، سکون، اور خوشی کا ذریعہ بنتی ہیں۔اس لیے آپ سبھی نوجوانوں کو چاہیے کہ دین اسلام کو اپنی زندگی کا حصہ بنائیں تا کہ دنیا اور آخرت میں آپ کامیاب ہوسکیں۔آخر میں اسلامی اسکالر مفتی توقیر بدر القاسمی الازہری کی دعا ہوئی اور تقریب کے اختتام کا اعلان ہوا۔







